بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حرفِ اوّل

زیرِ نظر شمارہ مضامین کے تنوع اور افادیت کے اعتبار سے خصوصی اہمیت کا حامل ہے۔ مرکزی انجمن خدام القرآن کے صدرِ مؤسس ڈاکٹر اسرار احمد کے سلسلہ وار مضمون "حقیقتِ ایمان" کے علاوہ دو مزید خطابات بھی ٹیپ کی ریل سے صفحہ قرطاس پر منتقل کرکے شاملِ اشاعت کئے گئے ہیں۔ ان میں سے ایک خطاب جس کا تعلق مرکزی انجمن کے سالانہ اجلاس سے ہے، ایک سابقہ وعدے کے ایفاء کے طور پر شائع کیا گیا ہے، جبکہ دوسرا خطاب جو اس سال ماہ رمضان المبارک کی ۲۷ ویں شب کو، خلاصۂ مباحثِ قرآن کے شاندار پروگرام کی تکمیل پر محترم ڈاکٹر صاحب نے ارشاد فرمایا تھا، قارئین کے لئے خصوصی تحفہ کی حیثیت رکھتا ہے۔

اس خطاب میں محترم صدرِ مؤسس نے "قرآن سے ہمارے حجاب کے اسباب" پر وضاحت سے روشنی ڈالی ہے کہ کیا سبب ہے کہ قرآن کو پڑھنے اور سننے سے آج ہمارے دلوں پر کوئی اثر نہیں ہوتا! کیا وجہ ہے کہ آج ہم قرآن کو پڑھتے ہوئے یہ خیال کرتے ہیں کہ اس کے مخاطب ہم نہیں کوئی اور لوگ ہیں اور یہ کہ ہم جن مخصوص حالات میں زندگی گزار رہے ہیں ان پر شاید قرآنی آیات کا انطباق نہیں ہوتا؟ ـــــ وہ کون کون سے حجابات ہیں جو آج ہمارے اور قرآن کے درمیان حائل ہیں؟ یہ خطاب ہمارے لئے قرآن حکیم کے حوالے سے علمی ہی نہیں عملی پہلو سے بھی نہایت قیمتی رہنمائی کا حامل ہے۔

☆ ☆ ☆

قارئین نوٹ فرمالیں کہ زیرِ نظر شمارہ "حکمت قرآن" کی دو اشاعتوں (یعنی مارچ اور اپریل) کا قائم مقام ہے۔ بعض ناگزیر انتظامی مجبوریوں کے باعث ہم اس ناگوار قدم کو اُٹھانے پر مجبور ہوئے ہیں، تاہم تعدادِ صفحات میں اضافے کے ذریعے اس کی تلافی کرنے کی کسی قدر کوشش کی گئی ہے۔ امید ہے کہ کم از کم رواں سال کے دوران اس طرح کی صورتحال دوبارہ پیش نہیں آئے گی۔ السّعی مِنّا والاِتمام من اللّٰہ۔ OO